# OPERATING MANUAL

# طریقہ استعمال

## Cleantouch Prize Bond Searching System

## تعارفِ سافٹ وئیر:

پرائز بانڈ سرچنگ سسٹم کلینٹچ کی سابقہ تمام مصنوعات کی طرح ایک قابل قدر شاہکار کی حیثیت رکھتا ہے، جیسا کہ آپکے بخوبی علم میں ہے کہ کلینٹچ سافٹوئیر وقتاً فوقتاً بلا معاوضہ یا مناسب قیمت پر ایسی اپلی کیشن ڈیزائننگ پر کام کرتا رہتا ہے جو عوام کیلئے زیادہ سے زیادہ سودمند ثابت ہو جیسے مشہور زمانہ انگریزی سے اردو ترجمہ کرنے والا ڈکشنری سافٹ وئیر، مختلف معلوماتی سوالات و جوابات پر مبنی سافٹ وئیر گیم، تلاوتِ قران شریف ، ترجمہ اور تفسیر پر مبنی خزائن الہدایت سافٹ وئیر، مختلف تعلیمی و بزنس اداروں کیلئے اکاؤنٹنگ و مینیجمینٹ سافٹ وئیر وغیرہ یہ سافٹوئیر بھی اسی طرح کی ایک اور کاوش کامنہ بولتا ثبوت ہے، جیساکہ آپ بخوبی جانتے ہیں کہ پاکستانی حکومت افراط زر کو کنٹرول کرنے اور عوام کی بچت کیلئے وقتاً فوقتاً سیونگ بانڈز و دیگر سرٹیفیکیٹ کا اجرا کرتی رہتی ہے اور اسکے ساتھ ساتھ لکی ڈرا کے ذریعے مختلف انعامی رقم بھی آفر کرتی ہے جسکو مد نظر رکھتے ہوئے ہر خاص و عام ان بانڈز میں دلچسپی ظاہر کرتا ہے، بعض عوام اور دکاندار اسمیں خصوصی دلچسپی ظاہر کرتے ہوئے اسکا نہ صرف اسٹاک کرتے ہیں بلکہ لین دین یا ٹریڈنگ بھی کرتے ہیں، لہذا عموماً مختلف مالیت کے کثیر تعداد میں بانڈز کو مینٹین کرنا مشکل ہوجاتا ہے چناچہ اسی مقصد کو مد نظر رکھتے ہوئے کلینٹچ سافٹ وئیر نے ہر خاص و عام کیلئے یکساں اور مناسب ریٹ پر اس سافٹ وئیر کو ڈیزائن کرکے مارکیٹ میں متعارف کروایا، اس مختصر مگر کارآمد سافٹ ووئیر میں یوزرز کیلئے ان گنت فیچرز اور فنکشنز دیے گئے ہیں، مثلا اس سافٹوئیر میں آپ مختلف مالیت کے بانڈز اور اسکے انعامات ، لاکرز وائز بانڈز کی تعداد ، لکی ڈرا رزلٹ کو محفوظ ، لکی ڈرا رزلٹ کے پرنٹ آوٹ، مختلف زاویوں سے پرائز لسٹ کا پرنٹ آوٹ، بانڈز کا اسٹاک اور دیگر فنکش کا مندجہ ذیل طریقہ کار کے مطابق باآسانی فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔

## پرائز بانڈ کیٹگریز: Prize Bond Categories

اس فارم میں آپ تمام بانڈ ز کی کیٹگری مثلا 200، 750، 1500، 7500، 15000، 40000، اور انکے فرسٹ، سیکنڈ اور تھرڈ انعامات ترتیب دےسکتےہیں۔ فیڈنگ کا طریقہ یہ ہے کہ بانڈ کیٹگری کے کالم میں بانڈ کی مالیت مثلا 200، اور نیچے پرائز کالم انٹری جو کہ آٹو ہے اب اسکے بعد والے کالم میں پہلے انعام کی مالیت مثلا 750,000 لاکھ اب اسکو چھوٹے سیوو بٹن سے محفوظ کرلیں پھر انٹری 2 میں دوسرے اور 3 میں تیسرے انعام کی مالیت کی درج کرکے بڑے سیوو بٹن سے اس کیٹگری کو محفوظ کرلیں، اسی طرح دیگر بانڈز کیلئے بھی یہ طریقہ کار اپنائنگے۔

## پرائز بانڈ لاکرز: Prize Bond Lockers

اس فارم کا بنیادی مقصد آپکے پاس پڑے ہوئے بانڈز کا اسٹاک کا فیڈ کرنا ہے جسکا طریقہ کچھ یوں ہے کہ سیریل نمبر جوہر لاکر کو سیوو کرنے پر آٹو جنریٹ تبدیل ہوتا رہے گا، اسکے بعد والا کالم جو کہ لاکر ٹائٹل کے نام سے منسوب ہے اسمیں آپ کوئی بھی نام یلکھ سکتے ہیں مثلا ارسلان بانڈ، اسکے بعد انٹری نمبر جو کہ آٹو جنریٹ ہے اسکے بعد بانڈ کی کیٹگری لسٹ بٹن(جس پر آئنہ کاتصویربنی ہے) کی مدد سے سلیکٹ کرے مثلا 200 اب اسکے بعد والے کالم میں بانڈ نمبر مثلا 475879 اور اگر بانڈنمبرز سیریل وائز ہے تو فرام نمبر میں پہلا بانڈ اور ٹو نمبر میں آخری سیریل نمبر لکھیں گےآ پ دیکھیں گے کہ تعداد خودبخود ظاہر ہوجائیگی، اسکے بعد اب اسکو چھوٹے سیوو (Save) بٹن سے محفوظ کرلیں پھر انٹری 2 میں دوسرے کیٹگری کے نمبر کی تعداد سیوو کرتے جائیں آخر میں بڑے سیوو بٹن سے اس لاکر کو محفوظ کرلیں، اسی طرح دیگر کےبانڈز کیلئے بھی یہ طریقہ کار اپنائنگے۔

## ڈرارزلٹز: Draw Results

اس فارم میں آپکو ہر لکی ڈرا کا رزلٹ فیڈ کرنا ھو گا جسکا طریقہ کچھ زیادہ مشکل نہیں بس ہر لکی ڈرا کھلنے کے بعد مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں اور ڈرانمبرز کی لسٹ کسی بھی فولڈر میں ڈائونلوڈ کرلیں (نوٹ: سافٹویئر کے لیے نئ فائلیں ہماری ویب سائٹ پر اس پراڈکٹ کے پیج میں بھی ہر ڈرارزلٹ آنے کے بعد پانچ دنوں کے اندر شامل کر دی جاتی ہے۔ طریقہ کار بھی اسی پیج پر درج ہے)۔

http://www.savings.gov.pk

فائل سیوو ہوجانے کے بعد اسکو اوپن کریں اب ساتھ ساتھ سافٹوئیر کی اس فارم کو پُر کرتے جائیں کہ سب سے پہلے ہیلپ بٹن کی مدد سے بانڈ کیٹگری سلیکٹ کریں مثلا 200 اسکے بعد اسکا ڈرا نمبر مثلا 42 اس جگہ کا نام لکھیں جہاں قرعہ اندازی ہوئی مثلا کراچی، اسکے بعد ڈرا کی تاریخ، مثلا 2010-05-15 اسکے بعد انٹری ون کو انٹری کریں اور فرسٹ پرائز کا نمبر آپکی سیوو کردہ فائل سے کاپی کریں اور یہاں پیسٹ کردیں اب اس کو چھوٹے سیوو بٹن سے محفوظ کرلیں ، اسی طرح سیکنڈ انعام کے نمبر سیکنڈ انٹری میں سیوو کرلیں، اور تھرڈ انعام کے نمبر انٹری 3 کے نیچے پیسٹ کردیں (نوٹ: نمبرز جو آپ کے سافٹویئر میں پیسٹ کیے ہیں، میں لازماً نمبر کے علاوہ کوئی ٹیکٹ نہ آنے پائے، جیسا کہ ڈرارزلٹ شیٹ میں پیج نمبر بھی شامل ہوتے ہیں، ان غیر ضروری لائنوں کو مٹانا ہو گا) اب آخر میں بڑے سیوو بٹن سے اس مکمل لسٹ کو محفوظ کرلیں، اسی طرح دیگر لکی ڈرا کیلیئے بھی یہ طریقہ کار اپنائینگے۔

## پرائز سرچنگ: Prize Searching

اس فارم میں آپ اپنے بانڈز کے نمبرز کی باآسانی ڈائریکٹ یا لاکرز وائز سرچنگ کرسکتے ہیں طریقہ کچھ یوں ہے کہ اگر ڈائریکٹ سرچنگ کرنی ہو تو آپ اپنا مطلوبہ نمبر فرام کے کالم میں لکھیں اور اگر سیریس ہے تو ٹو میں بھی رینج دیں دے اسکے بعد ایڈ کا بٹن دبائیں، اسکے علاوہ دیگر مختلف کرائٹ ایریا یعنی بانڈ کیٹگری، ڈرا نمبر، ایک ڈرا کی تاریخ سے دوسری تاریخ وائز (یہاں چھ سالہ تاریخ خود ہی ظاہر ہوتی ہے) اور انعام وائز بھی سلیکٹ کرسکتے ہیں اور اگر لاکر وائز سرچ کرنا مقصو د ہوتو بس لاکر سرچ پر کلک کریں ، اسکے بعد ہیلپ بٹن کی مدد سے اپنا مطلوبہ لاکر سلیکٹ کریں اور Search / Preview کا بٹن دبائیں اگر کسی ڈرا لسٹ میں آپکا کوئی نمبر ہوگا تو سافٹ ویئر آٹو سرچ کرکے لادیگا۔

## ڈرا رزلٹ پرنٹ آؤٹ: Draw Result Printout

اس آپشن کی مدد سے آپ بوقت ضرورت مختلف کیٹگری کے بانڈز کے ڈرا رزلٹ پرنٹ کرسکتے ہیں۔

## پرائز لسٹ پرنٹ آؤٹ: Prizes List

اس آپشن کی مدد سے آپ بوقت ضرورت مختلف کیٹگری کے بانڈز کی مختلف زاویوں سے پرائس لسٹ پرنٹ آئوٹ کرسکتے ہیں۔مثلاً فلاں سے فلاں تاریخ کے دوران دوسو کی مالیت کے بانڈ کے کون کون سے نمبر اول انعام میں آئے۔

## لاکرز وائز بانڈ نمبر لسٹ پرنٹ آؤٹ: Lockers Report

اس آپشن کی مدد سے آپ بوقت ضرورت اپنے مختلف لاکرز کے مختلف کیٹگری کے بانڈز کی دومختلف زاویوں سے لسٹ کرسکتے ہیں۔

تحریر: رضوان عارف

Cleantouch Software Corp.

## تعارف کمپنی:

## Cleantouch Software Corp.

کلینٹچ سافٹ ویئر کارپوریشن کی ابتداء 1998 کے اوائل میں پاکستان میں پہلی بار انگریزی سے اُردو ترجمہ کرنے والی ایک سی ڈی پر مشتمل ڈکشنری بنانے پر ہوئی جو ایک خدمت کے طور پر بلا معاوضہ پورے پاکستان میں پبلش کی گئی جسے لوگوں نے بے حد سراہا اور آج تک اس کی مارکیٹ میں سیل جاری و ساری ہیں۔ لوگوں میں بے حد مقبولیت پانے پر کمپنی کے پروگرامر کو بعض تعلیمی و سماجی تنظیموں نے بریْن ایوارڈ سے نوازا جو کمپنی کیلئے قابل فخر ہیں اس طرح ڈکشنری کی مقبولیت کے چرچے پاکیستان کے اخبارات کی سرخیاں بننے لگے جس کی بدولت ہمیں مزید آئی ٹی کے میدان میں کچھ کرنے کا جذبہ ملا اور ہم نے مختلف بزنس کمپنیوں کیلئے پاکستانی بیسڈ اکاؤنٹنگ سافٹ ویئر بنانا شروع کیے جس سے بہت سے تعلیمی ادارے اور طلباء مستفید ہوئے اور ہو رہے ہیں جو ہماری کمپنی کیلئے قابل ستائش بات ہے واضح رہے کہ ابتدا میں ڈکشنری کی سیل سے ہم نے اپنی ذات کیلئے کوئی پیسہ مقرر نہیں کیا۔ ابتدائی ادوار میں سافٹ ویئر کی مارکیٹ میں کافی مسائل درپیش ہوئے لیکن کمپنی ارادے مستحکم رکھنے کی پالیسی پر گامزن ہیں جس سے کامیابیاں قدم چومنے لگیں اور دیکھتے ہی دیکھتے پاکستان اور کئی دیگر ممالک میں ہمارے فری سافٹ ویئر استعمال کرنے والوں کی تعداد ہزاروں اور لاکھوں میں ہوتی گئی جو کلینٹچ کیلئے ایک اعزاز سے کم نہیں اور یکے بعد دیگر لوگوں نے اپنا اکاؤنٹ آسان کرنے کیلئے ہمیں اپنی ڈیمانڈ ارسال کیں جسکو ہم نے خوش اسلوبی کے ساتھ قبول کیا اور ثابت قدمی کے ساتھ مائیکرو سافٹ ویژیول فوکس پرو پر تقریباً پچاس قسم کے سافٹ ویئر تخلیق کئے اور اب تک تقریباً 450 بزنس ادارے ہم سے سافٹ ویئر رجسٹرڈ کروا چکے ہیں ان سافٹ ویئر میں جو کاروباری اداروں میں بے پناہ مقبول ہوئے ان میں کلینٹچ اکاؤنٹ سسٹم، ٹریڈنگ سسٹم، پروڈکشن سسٹم، میڈیسن سسٹم، یارن ٹریڈنگ، اسکول سسٹم وغیرہ ہیں مختلف قسم کے اکاؤنٹنگ سافٹ ویئر، پروفائل، ایوارڈز وغیرہ کی لسٹ آپ ہماری ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ بھی کرسکتے ہیں (www.cleantouch.com.pk) لوگوں میں بے پناہ مقبولیت پانے کی خاص وجوہات میں سافٹ ویئر کی کوالٹی، خوش اخلاقی، مناسب ریٹ، بیک اپ سپورٹ وغیرہ شامل ہیں جو ہمیں مختلف سافٹ ویئر کمپنیز سے ممتاز کرتی ہیں لوگوں کے بے اصرار پر ہم نے 2004 میں سوالات و جوابات پر مشتمل ایک معلوماتی گیم کی تخلیق کی جسے اہل علم نے بے حد سراہا سافٹ ویئر کی تخلیق کا کام اب بھی جاری ہے اور آپکا ساتھ رہا تو اسی طرح مزید بہتر طریقے سے انشاء اللہ جاری رہیگا۔